جو شخص کسی مسلمان بردﮯ (غلام یا لونڈی) کو غلامی سﮯ نجات دﮯ گا، اللہ تعالٰی اس کﮯ ہر عضو کو اس بردﮯ کﮯ ہر عضو کﮯ بدلﮯ دوزخ کی آگ سﮯ نجات دﮯ گا یہاں تک کﮯ اس کی شرم گاﮦ کو اس بردﮯ کی شرم گاﮦ کﮯ بدلﮯ (نجات دﮯ گا)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سﮯ روایت ہﮯ کہ رسول اللہ ﷺ نﮯ فرمایا: ”جو شخص کسی مسلمان بردﮯ (غلام یا لونڈی) کو غلامی سﮯ نجات دﮯ گا، اللہ تعالٰی اس کﮯ ہر عضو کو اس بردﮯ کﮯ ہر عضو کﮯ بدلﮯ، دوزخ کی آگ سﮯ نجات دﮯ گا یہاں تک کہ اس کی شرم گاﮦ کو اس بردﮯ کی شرم گاﮦ کﮯ بدلﮯ (نجات دﮯ گا)“﴿
[صحیح] [متفق علیہ]

اس حدیث میں مسلمان غلاموں اور لونڈیوں کو آزاد کرنﮯ کی فضیلت بیان کی گئی ہﮯ کہ جو شخص کسی مسلمان غلام یا لونڈی کو آزاد کرﮯ گا، وﮦ اپنا پورا بدن جہنم کی آگ سﮯ آزاد کرا لﮯ گا نیز واضح ہو کہ مسلمان غلاموں اور لونڈیوں کو آزاد کرنﮯ میں مسلمانوں کی عزت ہﮯ، بایں طور کہ ان سﮯ غلامی کی ذلت دور ہو جاتی ہﮯ

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6396